آل انڈیا پکچرز کا تیار کردہ

अन्जान

انجان

اداکاران
وجینتی مالا۔ پردیپ کمار۔ مبارک
راج مہرہ۔ جیون اور
جانی واکر

قیمت ۱۳؟

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

انجان کے گانے

گانا نمبر ۱

یہ دنیا بڑی بے وفا ہو گئی
یہاں بے وفائی ادا ہو گئی
نہ جانے زمانے کو کیا ہو گیا
محبت جہاں سے فنا ہو گئی

دغا دے کے نہ جیتو بلم پردیسی
بلم پردیسی او سجن پردیسی
محبت میں دغا اچھا نہیں ہے
یہ انداز جفا اچھا نہیں ہے
وفا کا نام رسوا نہ ہو جائے
محبت اک تماشہ ہو نہ جائے
میرے دل ہی میں رہیو بلم پردیسی
دغا دے کے .....

لگا کر دل نبھانا فرض ہو گا
لحد تک ساتھ جانا فرض ہو گا
جو یہ منظور ہو دل لیجے گا
سمجھ کر سوچ کر ہاں کیجئے گا
جھوٹی بتیاں نہ کہیو بلم پردیسی
دغا دے کے .....

گانا نمبر ۲

کورس :۔ ساون کی آئی ہے بہار جھوے ہے میرا پیار
سکھی جھولنا جھلائے جا
زمنا :۔ جھولائیں جھولیں گوئیاں سب کچھ بھول کے
کبھی گوری دیکھ ذرا پیا سنگ جھول کے
نینوں میں آئے گا خمار۔ جھولوں گی سو سو بار
کورس :۔ سکھی جھولنا جھولے جا
زمنا :۔ گوری گوری بہیّوں کو جھولنا بناؤں میں
نظروں کی ڈور ڈالوں شباب کو جھلاؤں میں
مل جل کے گائیں گے ملہار۔ جھومے گا میرا پیار
کورس :۔ سکھی جھولنا جھولائے جا

گانا نمبر ۳

کورس :۔ آجھو آجھو جھو۔ اک میں اک تو
چڑی بیٹھا ہمبھا۔ کھیل کبڈی انگنا
بل کبڈی، بل کبڈی، بل کبڈی تارا
سلطان بیگ مارا
زمنا :۔ اڑی میں یوں اڑی ڈالیں، دن کو دیکھے تارا
داؤں لگایا ایسا میں نے ماری گئی جمنا
کورس :۔ چڑی بیٹھا.....
زمنا :۔ حلوہ لاؤ دودھ جلیبی کھا کے مارنی پالا
بل کبڈی، بل کبڈی، میرا بول بالا

کورس:۔ آم چھو، آم چھو، کالا بدام چھو
تنا:۔ دیکھو گوئیاں زور دکھانا اور کسی کے سنگ نا
کورس:۔ چھو کی بیٹھا......
تنا:۔ کبڈی رے کبڈی، جو چھو تو میں جانوں
ایک نہیں سو سو سے ہار میں نہ مانوں
کورس:۔ آم چھو آم چھو، کالا بدام چھو
لڑکی:۔ دھیرے سے مڑ دڑ و مڑ جائے نہ یہ کنگنا
کورس:۔ چھو کی بیٹھا.....

گانا نمبر ۲

ہولی کی آئی بہار، آج دیکھو ہولی کی آئی بہار
موسم پہ رنگ میرے من میں ترنگ ہے
نینوں میں ساجن کا پیار
کورس:۔ دیکھو ہولی کی آئی بہار
تنا:۔ گورے گورے مکھڑے پہ لاگا گلال
ہلکے گلابی میرے گال ہوئے لال
ہوا برا حال سکھی بھول گئی چال
میں توتیاں سے مان گئی ہار
کورس:۔ دیکھو ہولی کی آئی بہار
تنا:۔ سیاں نے بھر بھر کے پچکاری
دیکھو جی میری چنریا پہ ماری
میں تو بھیگ گئی ساری

مارے لاج کے ہاری
ہوئے مندر میرے نینوں کے دوار ہو
کورس :- دیکھو ہوری کی آئی بہار

گانا نمبر ۵

سب سے مہنگی چیز محبت دنیا کے بازار میں
اچھا ہے جو رہے کنوارا کیا رکھا ہے پیار میں
شادی ایک برس کا میلہ اس کے بعد جھمیلا
بابو جی بے چارے تیلی، بیوی تیرے بھیلا
شادی کا پھر روگ لگانا کا ہے کو بیکار میں
اچھا ہے جو رہے کنوارا ....
رہیں سلامت ہوٹل والے چوبھا کون جلائے
صبح سویرے سبزی منڈی چکر کون لگائے
آزادی سے رہنا جب تک جینا ہے سنسار میں
اچھا ہے جو رہے کنوارا ....
گھر میں آج نہیں ہے آٹا خوب چلے گا باٹا
کہہ گئے بھیا جانی واکر شادی ایک گلا گھوٹا
کون رہے چپراسی بن کر بیوی کے دربار میں
اچھا ہے جو رہے کنوارا ....

گانا نمبر ۶

کہاں چھوڑ کر چلا ہے تو یہ پھولوں بھری راہیں
میرے دیس کی ہوائیں ہیں پردیسیا

ذرا مڑ کے تو دیکھ، کھوئی کھوئی یہ نگاہیں
میری ٹھنڈی آہیں ہر دلیا
سیّاں مان نہ مان، میرا دِل انجان
بھول دُنیا کا پیار تیرے پیار میں
میں نے چھپ چھپ ہائے دن رات گنائے
میٹھے سپنوں کے ہار تیرے پیار میں
ذرا مڑ کے ....
میری سونی سونی باہیں ہر دلیا ...
تو جو لوٹ کے آئے، مجھے مکھڑا دکھائے
تو میں انکھیاں بچھاؤں تیری راہ میں
بس ایک بار میری سن جا پکار
میں تو جل جل جاؤں تیری چاہ میں
ذرا مڑ کے ....
ہائے روٹھی نہ پائیں ہر دلیا
گانا نمبر ۷ سیمنت مکار
چندیا ندیا بیچ نہلائے
او سیّتل جل میں آگ لگائے
کہ چندا دیکھ دیکھ منہ کالے — ہو راما ہو —
پوچھ رہی ہے لہر لہر سے کون ہے یہ متوالی
تن کی گوری چنچل چھوری گیندے کی اک ڈالی
روپ کی چڑھتی دھوپ سنہرا رنگ آج برسائے

چندنیا ندیا بیچ نہائے
پربت پربت گھوم کے آئی یہ البیلی دھارا
کیا جانے کس آسمان سے ٹوٹا ہے یہ تارا
شعلہ بن کے پھول کل کاجل میں بہتا جائے
چندنیا ندیا بیچ نہائے

۱۰— گانا نمبر

دِن چھپ گیا نکلے تارے
تیری یاد میں درد کے مارے
رُک جائے نہ یہ دم — گھبرا جائے بلم
دِل رو رو تجھے پکارے
دن چھپ گیا....
میرے ساجن مکھڑا موڑ گئے
کیوں دِل میں اندھیرا چھوڑ گئے
اے چاند بتا — میری کیا ہے خطا
جو روٹھے پیا ہمارے
دِن چھپ گیا....
میرے من کی من میں بات رہی
نینوں میں سدا برسات رہی
میں تو چھپ چھپ روئی — جانے درد نہ کوئی
میرے من کے کون اتارے — دِن چھپ گیا۔

ختم شد

الہ آباد پریس دہلی